Volume : I
No. 14

SP. 1-14-75 (E)
300

# THE SENATE OF PAKISTAN DEBATES

## OFFICIAL REPORT

**Monday, the 10th February, 1975**

CONTENTS

| | PAGE |
|---|---|
| Obituary Reference *Re*: Sad demise of Mr. Hayat Mohammad Khan Sherpao—(*Resolution adopted*) .. .. | 535 |
| Point of Order *Re*: Deferment of normal business in emergent sessions—(*Ruled Out*) .. .. .. .. | 554 |
| Adjournment Motion *Re*: Arrest of the Leader of Opposition —(*Deferred*) .. .. .. .. | 555 |
| Intimation *Re*: Arrest of Senator Mr. Zahurul Haq—(*Read Out*) .. .. .. .. .. | 560 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of the Members of the National Assembly (Exemption from Preventive Detention and Personal Appearance) (Amendment) Bill, 1975—(*Read Out*) .. .. .. .. | 561 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of the Members of Provincial Assemblies, Privileges (Amendment) Bill, 1975—(*Read Out*) .. .. .. .. | 561 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of the Political Parties (Amendment) Bill, 1975—(*Read Out*) .. | 561 |
| The Members of the National Assembly (Exemption from Preventive Detention and Personal Appearance) (Amendment) Bill, 1975—(*Adopted*) .. .. .. .. | 562 |
| The Members of the Provincial Assemblies' Privileges (Amendment) Bill, 1975—(*Adopted*) .. .. .. | 570 |
| The Political Parties (Amendment) Bill, 1975—(*Adopted*) .. | 580 |

PRINTED AT THE INTERNATIONAL PRESS, KARACHI.
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

Price : Paisa 50

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

**Monday, February 10, 1975**

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at twenty minutes past nine of the clock in the evening, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

## OBITUARY REFERENCE RE: SAD DEMISE OF MR. HAYAT MOHAMMAD KHAN SHERPAO

**Rao Abdus Sattar** : Mr. Chairman, Sir, with your permission, I want to move a condolence resolution.

**Mr. Chairman** : Yes.

**Rao Abdus Sattar** : With a heavy heart, I beg to move the following resolution :—

"This House places on record its sense of extreme sorrow and profound grief at the sad and tragic death of Late Mr. Hayat Mohammad Khan Sherpao, Senior Minister in NWFP Government, who died as a result of injuries due to the dastardly bomb blast on 8th February, 1975, in the History Hall of Peshawar University, where he had gone to preside over the Installation Ceremony of History Society.

Late Mr. Hayat Mohammad Khan Sherpao was an unyielding patriot and a symbol of new order. His life was short but his achievements were innumerable. He lived for Pakistan and sacrificed his life for the integrity, solidarity and unity of Pakistan. The demise of Late Mr. Hayat Mohammad Khan Sherpao has brought to an abrupt end a brilliant and promising public career, which held such great prospects for the future. His death has taken away from the country an able politician, true patriot, selfless worker for the cause of freedom and national integrity.

[Rao Abdus Sattar]

May God bless his departed soul in heaven and grant courage to the bereaved family to bear the great loss with fortitude. The Senate further conveys its sympathy and condolence to the bereaved family."

Thank you, Sir.

**Mr. Chairman** : Mr. Sher Mohammad Khan.

جناب شیر محمد خان : جناب چیئرمین ! آج مجھے اس ایوان میں نہایت دکھ اور حرمان کے ساتھ ، اپنے راھنما ، جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کے انتہائی درد ناک قتل ، شہادت اور ھلاکت پر اپنے جذبات اور احساسات کے اظہار کرنے کا موقع ملا ھے ۔

جناب والا ! اس سے پیشتر کہ میں اس قرار داد پر اپنے خیالات کا اظہار کروں میں جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کی ایک بات یہاں بتانا چاھتا ھوں ۔ جناب والا ! انہوں نے ایک موقع پر مجھے بتایا تھا کہ ، شیر محمد ، جب بھی آپ میرے گاؤں آئیں تو راستے میں ایک بہت بڑا قبرستان ھے ، یاد رکھیئے اس میں سے ھوتے ھوئے آیا کریں کیونکہ ان قبروں کا بھی خیال رکھنا چاھیئے ۔ "لیکن جناب چیئرمین ! کل اور کل کے بعد سے جس کسی کو بھی جناب شیر پاؤ کے دولت خانے میں جانے کا اتفاق ھوا ، اس سے پیشتر کہ وہ "شیر پاؤ" گاؤں میں داخل ھو ، اسے راستے میں جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کا مزار ملے گا۔

جناب والا ! حیات محمد خان شیر پاؤ کی شہادت کوئی معمولی واقعہ نہیں ھے اور حیات محمد خان شیر پاؤ کو صرف اس لئے اتنی بے دردی سے شہید نہیں کیا گیا کہ وہ میجر آفتاب کے بھائی تھے ، یہ بات نہیں ھے ، جناب والا ! ان کو صرف اس لئے اتنی بے دردی سے شہید کیا گیا ھے کہ وہ جناب بھٹو کے ساتھ تھے ۔ جناب بھٹو کے بھائی کی حیثیت میں انہیں اسلئے قتل کیا گیا ھے کہ وہ جناب بھٹو کے ساتھ مل کر پاکستان کو ایک عظیم پاکستان ، پاکستان کو خوشحال پاکستان اور پاکستان کو نا قابل تسخیر پاکستان بنانا چاھتے تھے ۔ جناب والا ! اسی مقصد کے لئے جناب حیات محمد خان شیر پاؤ نے ۱۹۶۷ء میں اپنی قمیض کے کالر پر ایک بیج لگایا تھا اور اس بیج پر یہ حروف کنندہ تھے کہ "ھم بھٹو کے ساتھی ھیں" جناب والا ! وہ لوگ جنہوں

نے پاکستان بننے کی مخالفت کی تھی، پاکستان کے بانی، قائد اعظم کی مخالفت کی تھی - ان لوگوں کے نزدیک اس سے بڑھ کر اور کیا گناہ ہو سکتا ہے کہ وہ جناب بھٹو صاحب کے ساتھ تھے اور انہوں نے بھٹو صاحب کے ساتھی کی حیثیت سے وہ بیج کیوں لگایا تھا۔

آج جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کی جدائی میں ان کے بھائی میجر آفتاب صرف غمزدہ نہیں، ان کا خاندان صرف غمزدہ نہیں بلکہ پورا ملک، پوری مملکت، پوری قوم میجر آفتاب کے ساتھ غم میں شریک ہے اور اس ملک کے ایک فرد، ایک ایک بچے اور بوڑھوں، مردوں اور عورتوں کو میجر آفتاب کے اور اس کے خاندان کے ساتھ غم میں شریک ہونا چاہیئے -

جناب والا! انہوں نے جس عظیم قربانی، جس عظیم فلسفے اور جس عظیم اصول کے لئے عظیم قربانی دی ہے اس کے بعد ان کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ذمہ داری نہ صرف حیات محمد خان کے خاندان پر عائد ہوتی ہے بلکہ پاکستان کے فرد فرد پر حیات محمد خان کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے -

جناب والا! جناب حیات محمد خان شیر پاو کی روح کو عقیدت پیش کرنی چاہیئے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس نصب العین کے لئے، جس عظیم فلسفہ کے لئے اور اس پاکستان کو نا قابل تسخیر بنانے کے فلسفے کے لئے قربانی دی ہے، ان قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں اور ان کے دشمنوں کے لئے پاکستان کی زمین تنگ کر دیں -

جناب والا! مجھے افسوس ہے کہ میں اپنے جذبات پر قابو نہیں پا سکا جناب والا! ان لوگوں نے اس ملک کی تاریخ میں سب سے زیادہ گھناونے جرم کا ارتکاب کیا ہے - اب تک یہ بات کہنے کی ہم نے پہل نہیں کی کہ تیرہ سو سال پیشتر یزید اور دشمنان اسلام حسینؓ ابن علیؓ کو شہید کر کے محمد عربی کے پیروکاروں کے ذہن سے کلمہ عربی نہیں نکال سکے - آج بھی پاکستان میں، پاکستان کے دشمنوں کا یہی کردار ہے کہ وہ حیات محمد خان شیر پاؤ کو شہید کر کے جناب بھٹو کے ساتھی کا فلسفہ، جناب بھٹو کے دوسرے ساتھیوں کے ذہن سے وہ فلسفہ نہیں نکال سکتے جس کی خاطر جناب حیات محمد

[Mr. Sher Mohammad Khan]

خان شیر پاؤ نے قربانی دی ہے ۔ جناب والا ! یزید نے حسین رض ابن علی رض کو شہید کر کے محمد عربی کے پیروکاروں کے ذہن سے ان کا فلسفہ نکالنے کی کوشش کی مگر وہ اس انقلابی فلسفے کو ختم نہیں کر سکے اور یہ انقلابی فلسفہ قائم رہے گا ۔

جناب والا ! جناب ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھی کو ان کے فلسفے کی بنا پر شہید کیا گیا ہے ۔ میں جناب والا ! اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کے ہر قطرہ خون سے کئی اور ساتھی پیدا ہو گئے ہیں اور اسی فلسفہ پر عقیدت رکھتے ہیں ۔ ہم نے اسی فلسفہ کے لئے جینا اور اسی فلسفہ کے لئے مرنا ہے ۔

جناب والا ! لوگ کہتے ہیں کہ حیات محمد خان شیر پاؤ مر گئے ہیں لیکن قرآن پاک کہتا ہے ۔

ولا تقو لو لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون ○

"کہ جو لوگ خدا کے راستے میں مارے جاتے ہیں ان کو مرے ہوئے تصور نہ کرو ۔

"خدا کے نزدیک تو زندہ ہیں ۔

جناب والا ! میں کہتا ہوں کہ جناب حیات محمد خان شیر پاؤ مرے نہیں ہیں ، وہ زندہ ہیں ۔ انہوں نے ایک زندہ نصب العین کے لئے قربانی دی ہے ۔

جناب والا ! انہوں نے ایک زندہ نصب العین کے لئے قربانی دی ہے ، اپنی جان کی پیش کش کی ہے ، اپنی جان نثار کی ہے اور ہم حیات محمد خان شیر پاؤ کے نقش قدم پر چل کر سر زمین پاکستان کے لئے ، نظریۂ پاکستان کے لئے اور پاکستان میں حقیقی انقلاب لانے کے لئے ایک کلاسیکی سوسائٹی بنانے کے لئے پاکستان میں حیات محمد شیر پاؤ کے نقش قدم پر چل کر قربانی دیں گے۔ ہم پاکستان کے لئے قربانی دیں گے ۔ حیات محمد شیر پاؤ نے سوات کے پہاڑوں پر آ کر وہاں ہمیں سیاست سکھائی اور سب سے پہلے ہمیں یہ بتایا تھا کہ قربانی کس جذبے سے سرشار ہو کر دی جاتی ہے ۔

ایمان عزت اور خلوص سے سیاست کرو - حیات محمد شیر پاؤ نے اس کا ثبوت دیا ہے - حیات محمد خان نے ایمان کا ثبوت دیا ہے - حیات محمد خان نے غیرت کا ثبوت دیا ہے - حیات محمد شیر پاؤ نے اخلاص کا ثبوت دیا ہے - ان کی قربانی پاکستان کے ہر ایک فرد کے پیش نظر ہے اور دنیا بھر نے اس کی قربانی کا اعتراف کیا ہے - ہم بھی انشاءاللہ ایسی سیاست پر کار بند رہیں گے - میں حیات محمد شیر پاؤ کے ایک ساتھی کی حیثیت سے اور اس ایوان کے ایک رکن کی حیثیت سے بڑے افسوس سے کہتا ہوں کہ اپنے پریشان خیالات کو مجتمع نہیں کر سکا - اس سے مزید میں کیا کہہ سکتا ہوں - جس مقصد کے لئے حیات محمد شیر پاؤ نے قربانی دی ہے ، وہی ہمارا نصب العین ہے اور وہی انشاءاللہ پاکستان کے ہر فرد کا رہے گا - کیونکہ ہم نے پاکستان میں اور پاکستان کے باہر پاکستان کے دشمنوں کے ساتھ کھل کر مقابلہ کرنا ہے اور انشاءاللہ ہم اس مقابلے میں سرخرو رہیں گے ، فتح یاب رہیں گے - بہت مہربانی شکریہ -

جناب چئیر مین : قریشی صاحب -

جناب ظفر احمد قریشی : جناب چیر مین ! ۹ فروری کو یہ خبر پاکستان بھر میں انتہائی رنج و الم کے ساتھ سنی گئی کہ حیات محمد شیر پاؤ سینئر وزیر صوبہ سرحد ایک بم کے دھماکے میں جاں بحق ہو گئے - سینیٹر شیر محمد خاں صاحب خوش نصیب ہیں کہ انہوں نے اپنے جذبات کا اظہار کیا - میرا مرحوم سے کچھ ایسا تعلق تھا کہ میں اس موقعہ پر نہ اپنے آپ میں ایسی سکت پاتا ہوں اور نہ میرے پاس ایسے الفاظ ہیں کہ میں مرحوم کی خوبیاں اور ان سے اپنا تعلق بیان کر سکوں - ۱۹۶۸ء سے میرا حیات محمد شیر پاؤ سے تعلق رہا ہے اور میں نے اسے پارٹی کے قائد کی حیثیت سے بھی دیکھا ہے - میں نے اسے ایک دوست کی حیثیت سے بھی دیکھا ہے - میں نے اسے ایک انسان کی حیثیت بھی دیکھا ہے - پارٹی کے قائد کی حیثیت سے میں نے اتنا نڈر ، اتنا بیباک ، اتنا جری اور اتنے Conviction کے آدمی بہت کم دیکھے ہوں گے جتنا شیر پاؤ تھا - شیر پاؤ کی عمر زیادہ نہیں تھی - وہ انسان تھا لیکن کسی معاملے پر میں نے اسے ہراساں ہوتے نہیں دیکھا - پارٹی کے کاموں میں

[Mr. Zafar Ahmad Qureshi]

ہمیں بعض اوقات سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن میں نے اس شخص کو کبھی مشکلات سے هراساں ہوتے نہیں دیکھا ۔ ان میں قیادت تھی ، dashing اسپرٹ تھی ۔ وہ پارٹی کو آگے بڑھاتے تھے اور ایک خاص صفت ان میں بحیثیت قائد یہ تھی کہ وہ ہر کام میں اپنے ساتھیوں سے صلاح و مشورہ کر لیا کرتے تھے ۔ وہ انتہائی ملنسار ، مخلص ، ہمدرد اور دکھ سکھ میں شریک ہونے والے تھے ۔ ان میں یہ صفت ایسی تھی ، جس نے انہیں صوبے بھر میں بلکہ صوبے سے باہر جہاں بھی وہ رہے ۔ انتہائی درجے کا ہر دلعزیز بنایا ۔ بحیثیت انسان میں نے اتنے بڑے مرتبے پر کسی شخص کو اتنا حلیم ، انتہائی منکسرالمزاج ، تکبر اور بغاوت سے خالی نہیں دیکھا جتنا حیات محمد شیر پاؤ تھا ۔ جن لوگوں کا حیات محمد شیر پاؤ سے تعلق رہا ہے ، وہ اس مسلسل تبسم کو نہیں بھول سکتے جو ان کے چہرے پر ہر وقت ہوتا تھا ۔ اگر بڑے سے بڑا مخالف بھی کسی وقت حیات محمد شیر پاؤ کے پاس چلا جاتا تھا تو اس کے تبسم کے سحر کے اندر آ جاتا تھا اور اس کی ہر بات ماننے کے لئے تیار ہو جاتا تھا ۔ مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک تھے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ قدرت کو یہی منظور تھا کہ اتنی خوبیوں کا مالک بہت جلد اس کے قریب آ جائے ۔ اس لئے وہ ہم سے چلا گیا ۔ ان کا قتل بڑا بہیمانہ ، انتہائی بے دردانہ اور ظالمانہ ہے ۔ بالخصوص ایسے وقت پر جب وہ اپنے صوبے کی ایک دانش گاہ میں طلباء کے ایک یوم تاسیس اور ان کی بہتری کے لئے کچھ کام کر رہے تھے ۔ اس واقعہ کا ظہور پذیر ہونا نہایت اندوہناک بھی ہے اور تشویش ناک بھی ۔ جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے اگر آپ کی اجازت ہو تو یہ عرض کرونگا کہ حیات محمد شیر پاؤ کے دوستوں ، ساتھیوں ، جماعتیوں اور حیات محمد شیر پاؤ کے جاننے والوں سب کی دلی تمنا ہے کہ ان کے اس قتل کی غیر جانبدارانہ تحقیقات اس بات کی ہو کہ وہ کیا اسباب تھے کہ حکومت اور حکومت کے ادارے ان کی جان کی حفاظت نہیں کر سکے ۔ میں انتہائی غم و الم کے ساتھ اپنے ان جذبات کا اظہار کرتا ہوں اور اللہ تعالی سے دعا کرتا ہوں کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے ۔ شکریہ

جناب چیر مین : جی ، مفتی نعمانی صاحب ۔

مفتی ظفر علی نعمانی : نحمدہ و نصلی و علیٰ رسولہ الکریم اما بعد جناب چیر مین ! جناب حیات محمد شیر پاؤ کا قتل اور ان کی شہادت یقیناً اس ہاؤس کے لئے نہیں بلکہ پورے پاکستان کے لئے ایک بہت ھی المناک واقعہ ھے ۔ اور خصوصاً مسلمانوں کے لئے بہت ھی باعث شرم ھے قرآن شریف میں فرمایا گیا ھے ۔ ومن یقتل متعمداً فجزآءہ جھنم جس نے کسی مسلمان کو خواہ چھوٹا ھو یا بڑا وہ امیر ھو یا غریب وہ راعی ھو یا رعایا کسے باشد کسی بھی مسلمان کو اگر کسی مسلمان نے جان بوجھ کر قتل کیا تو اس کا ٹھکانہ جھنم ھے اور جھنم کے ٹھکانہ ھونے کے بارے میں مفسرین کی کئی رائیں ھیں ۔ ایک رائے میں تو وہ مسلمان ھے ھی نہیں ۔ جس نے کسی مسلمان کو قتل کیا خواہ وہ کسی حیثیت کا مسلمان ھو ، اگر جان بوجھ کر اور اس قتل کو جائز اور حلال سمجھ کر قتل کیا تو قاتل ، قاتل کے مشیر ، اس کو مشورہ دینے والے ، کسی قسم کی مدد کرنے والے ، کسی طرح سے اس کے قتل پر راضی اور خوش ھونے والے ، سب کے لئے ایک حکم ھے کہ وہ دائرہ اسلام سے خارج ھو جاتے ھیں اور کسی سیاسی دشمنی یا اور کسی ذاتی دشمنی یا اور کسی وجہ سے قتل کیا باوجود اس کے کہ وہ سمجھتا ھے کہ ایک مسلمان کا قتل جائز نہیں ھے ، تو اس صورت میں بھی فرمایا گیا ھے کہ اس کا ٹھکانا جھنم ھے ۔ بھر صورت وہ اس سے نہیں بچ سکتا ۔

ھمارے یہاں خصوصاً اس پاکستان میں آج سے نہیں بلکہ مرحوم لیاقت علی خان کے دور سے ایک بہت بری رسم قائم ھو چکی ھے ۔ سیاسی انتقام کے لئے بدلہ قتل سے لیا جاتا ھے یا قتل تصور کیا جاتا ھے ۔ یہ چیزیں اسلام کی تاریخ میں بہت بری ھیں کہ جذبات میں بہہ کر ، جذبات میں بڑھ کر ، اس انتقام کا بدلہ بھی اس صورت میں لیا جائے تو یہ اس سے زیادہ بری چیز ھے ۔ آج سے نہیں بلکہ سب سے پہلے جب اسلام کی تاریخ میں حکمران قتل ھوئے ، حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ذات تھی ۔ سب سے پہلے اور اس وقت صحابہ کرام نے متفقہ طور پر یہ

[Mufti Zafar Ali Nomani]

فیصلہ کیا کہ شاید یہ قتل بہت دنوں تک چلے اور جب تلوار نیام سے نکل آئے تو شاید بہت دنوں تک نیام میں نہ جائے اور اس سے اسلام اور مسلمانوں کو بڑا شدید نقصان ہو گا اور نقصان ہوا - آج اس ملک میں بھی اس قسم کی روائیتیں قائم ہو رہی ہیں اور قائم کی جا رہی ہیں - کوئی بھی دانشمند ، کوئی عقل مند ، کوئی ذی ہوش ، کوئی بھی منصف آدمی ، ایسی چیزوں کو کبھی پسند نہیں کرے گا ، کوئی بھی گوارا نہیں کرے گا کہ اس قسم کے قتل ہوں اور سیاسی قتل ہوں خواہ کسی وجہ سے کسی کے ہوں ، کسی طرح سے ہوں - ہمیں بہت افسوس ہے اور اس حیثیت کا افسوس ہے - اپوزیشن کے لوگ بھی اس غم میں اسی طرح سے شریک ہیں - جس طرح سے حکومتی پارٹی یا پیپلز پارٹی کے لوگ ہیں - میں یہ ضرور خواہش کروں گا کہ اس قتل کی وجہ سے ایسا نہ ہو کہ بیگناہوں پر ظلم و تشدد کیا جائے قتل کا معاملہ بڑا اہم ہوتا ہے - بہت سوچ سمجھ کر انسان کو قتل کا قدم اٹھانا چاہیے - خصوصاً سرحد کے علاقے میں تو ایک خاندان کے قتل کا بدلہ خاندان سے لیا جاتا ہے پھر ایک خاندان کا بدلہ دوسرے خاندان سے یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے اس سلسلے کو بھی نہایت ہی خوش اسلوبی کے ساتھ اور اچھے طریقے سے روکنے اور ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہئے - قتل بہر صورت قتل ہے - کسی حیثیت سے بھی کسی طرح سے بھی یہ بہتر اور اچھی چیز نہیں ہے - جناب حیات محمد خان شیر پاؤ ، حقیقت یہ ہے کہ بہت منکسرالمزاج تھے - اکثر میرا تعارف ہوا تھا ان سے ملنے کا اتفاق ہوا - ایک دو مرتبہ اسٹینڈنگ کمیٹی میں بھی ان سے ملنے کا اتفاق ہوا - اس میں کوئی شک نہیں کہ بڑے منکسرالمزاج تھے ، غریب طبیعت انسان تھے ، ہر شخص کے ساتھ نہایت خوشی اور محبت سے باتیں کرتے تھے جو ایک مسلمان کا شیوہ ہوتا ہے - حقیقت میں وہ ایک اچھے مسلمان تھے اس پر ہم سب کو دکھ ہے اور ہم لوگ اور ہم اپنے دکھ رنج و غم کا اس پر اظہار کرتے ہیں - اسلام علیکم -

**Mr. Chairman**: Yes, Mr. Kiani, وہ پہلے اٹھے ہیں - Yes, Yes.

جناب نرگس زمان خان کیانی : جناب چیئرمین ! میں آج ایک درد ناک واقعہ پر اپنے خیالات کا اس ہاوس میں اظہار کر رہا ہوں جو کہ نہ صرف

میرے لئے یا صوبہ سرحد کے لئے بلکہ پاکستان کے لئے ناقابل برداشت ہے۔ ہے۔ جہاں تک جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کا تعلق ہے میرا ان کے ساتھ پارٹی کی وجہ سے رشتہ ہوا۔ میری ان کے ساتھ ملاقات راولپنڈی میں ڈھوک کالو خان میں ایک تقریب تھی، اس میں ہوئی۔ جو ان کی پہلی تقریب تھی اس میں میں نے پہلی مرتبہ ان کی تقریر سنی۔ اس تقریر میں انہوں نے کہا تھا۔ "میں اس پارٹی میں پاکستان کی خدمت کے لئے، پاکستان کے مزدوروں، کسانوں کی خدمت کے لیے اپنے سر پر کفن باندھ کر آیا ہوں اور میں یہ یقین سے کہتا ہوں کہ یہ کفن مجھے اس پارٹی میں رہتے ہوئے اس قبر تک لے جائے گا جو میری منزل مقصود ہو گی" تو ان کا یہ خواب اس شکل میں پورا ہوا۔

جہاں تک ان کے مخلص ہونے کا تعلق ہے۔ جناب چیئر مین! گزشتہ دسمبر میں جب پٹن کے علاقے میں زلزلہ آیا تو شیر پاؤ خان تشریف وہاں لے گئے۔ وہاں انہوں نے مختصر خطاب فرمایا۔ اس خطاب میں جو ان کے الفاظ تھے وہ یہ تھے کہ پٹن کا علاقہ یا پٹن کے گرد و نواح کے جو گاؤں ہیں، ان لوگوں کے گھر تباہ نہیں ہوئے بلکہ یہ شیر پاؤ کا گھر تباہ ہوا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرا واقعہ پشاور میں قصہ خوانی بازار میں ہوا۔ وہ بازار آگ سے کافی متاثر ہوا تھا تو انہوں نے وہاں بھی بروقت پہنچ کر اپنے جذبات کا اس شکل میں اظہار کیا کہ قصہ خوانی بازار کا سوال نہیں ہے یا کسی دوکاندار کا سوال نہیں ہے بلکہ میرے گھر کے جلنے کا سوال ہے اور میں آپ کے ساتھ اس غم میں پورا پورا شریک ہوں۔ جناب والا! اگر شیر پاؤ زندہ رہتے تو وہ چند ایک تجاویز زلزلے سے متاثرہ لوگوں کے لیے حکومت کے سامنے پیش کرتے جس سے ان کے مسائل اور تکالیف ختم ہو جاتیں جن کی ایک انسان کو ضرورت ہوتی ہے۔ بہر حال خدا کو ان کے اتنے دن، اتنے ایام منظور تھے، جو پرسوں تک ان کی زندگی کا انہوں نے ساتھ دیا۔ جناب والا! یہ صوبہ سرحد میں پہلے شہید نہیں ہیں بلکہ شیر پاؤ دوسرے شہید ہیں۔ اس سے پہلے پارٹی کے جانباز سپاہی حق نواز گنڈا پور بھی اسی شکل میں شہید ہوئے تھے جن کے متعلق اب تک

[Mr. Nargis Zaman Khan Kiani]

پتہ نہیں چل سکا کہ ان کے قاتل کون تھے لیکن ماسوائے افسوس کے ہم کیا کہہ سکتے ہیں لیکن اس وقت میں یہ امید کرتا ہوں کہ شیر پاؤ کے جو قاتل ہیں انہیں فوراً گرفتار کیا جائے اور اس میں سب سے پہلا قاتل جو ہے وہ ولی خان ہے اس کی جماعت ہے ، انہیں دو چار پانچ یا چھ سال کی سزا نہیں ہونی چاہیئے -

**Khawaja Mohammad Safdar** : Question, question.

جناب نرگس زمان خان کیانی : بلکہ انہیں مجرم ثابت کر کے سر عام گولی سے شوٹ کرنا چاہیئے تاکہ آئندہ ایک پاکستانی محب کی ایسی موت نہ واقعہ ہو -

خواجہ محمد صفدر : اس سے پہلے بھی کئی لوگ قتل ہو چکے ہیں ان کے متعلق کیا کیا گیا ہے ؟ ان کے قاتل کون ہیں ؟

جناب نرگس زمان خان کیانی : آپ خود ان کے قاتل ہیں -

خواجہ محمد صفدر : خواجہ رفیق کے قاتل آپ ہیں -

جناب نرگس زمان خان کیانی : آپ مہربانی فرما کر کے خاموش بیٹھیں ، آپ کو بھی موقع ملے گا - مجھے اپنے خیالات کا اظہار کرنے دیں - آپ بیٹھ کر نہیں بول سکتے -

جناب چیئر مین : کیانی صاحب آپ جو کچھ فرما رہے ہیں ٹھیک ہے لیکن خاص نام نہ لیا کریں - نشاندھی کرسکتے ہیں بغیر نام لئے -

جناب نرگس زمان خان کیانی : میں آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں لیکن جہاں تک ہمارے جذبات کا تعلق ہے ہم نام لیے بغیر نہیں رہ سکتے اور یہ نام میں ہی نہیں لے رہا ہوں بلکہ پاکستان کا بچہ بچہ لے رہا ہے ، گھروں میں لے رہا ہے ، سڑکوں پر لے رہا ہے ، مکانوں میں لے رہا ہے ، شہروں میں لے رہا ہے تو اس میں میرا کیا قصور ہے میں تو ان جذبات کی ترجمانی یہاں کرتا ہوں تو جناب چیئر مین ! میں اس معزز ہاوس میں آپ کی وساطت

سے یہ اپنی عوامی حکومت کے آگے اپیل کروں گا کہ جو قاتل ھیں انہیں فوری طور پر گرفتار کرنے کے بعد سزا دی جائے ۔ جیسا کہ اس ھاوس میں ایک بل دھماکوں کے سلسلے میں پاس ھو چکا ھے ۔ اس کے لئے سات سال یا پانچ سال کی سزا مقرر کی گئی تھی ۔ میں نے اس وقت بھی سزا کی تردید کی تھی میرا اس سزا کے ساتھ اتفاق نہیں تھا بلکہ میں نے یہ گذارش کی تھی کہ ایسے لوگوں کو سر عام گولی سے شوٹ کر دینا چاھیے اور جب تک ایسے لوگوں کو سر عام شوٹ نہ کر دیا جائے اس وقت تک پاکستان کے محب ، پاکستان کے خدمتگار نہیں بچ سکیں گے ۔ میں آج بھی پرزور اپیل کرتا ھوں کہ قاتلوں کو گرفتار کرنے کے بعد جتنی بھی جلد ھو سکے انہیں سزائے موت کے لئے گولی سے شوٹ کر دیا جائے تاکہ اس کے بعد کم از کم ظالموں کے لئے ظلم کے دروازے بند ھو سکیں اور مظلوموں کو تحفظ مل سکے ۔

جناب چیئرمین : سردار محمد اسلم ۔

سردار محمد اسلم : جناب چیئرمین ! حیات محمد خان شیر پاؤ کے شہید ھونے کے اس موشن پر ان کے ساتھی جنھوں نے ان کے ساتھ ۶۷ء سے کام کیا ھے وہ غالباً زیادہ کچھ کہہ نہیں سکے ۔ اس لئے کہ جب بار بار حیات کا نام لیتے ھیں تو ان کی آنکھوں کے سامنے اس کی شبیہہ آتی ھے ، اس کی شکل آتی ھے ۔ حیات صوبہ سرحد میں ایک شخص کا نام نہیں تھا ۔ صوبہ سرحد میں حیات ایک تحریک کا نام تھا جس نے صوبہ سرحد کی روایتی دو گروھوں بٹی ھوئی سیاسی اجارہ داری کو توڑ کر اور جناب ذوالفقار علی بھٹو کی آواز پر لبیک کہہ کر نوجوانوں میں ایک نئی روح پھونکی اور وہ واحد صوبہ سرحد کے لیڈر تھے جو ڈی آئی خان سے لے کر کاغان تک ھر گاؤں ھر محلے اور کوچے میں گئے ۔ آج جب شیر پاؤ کا نام لیا جاتا ھے تو اسے ایک شخص سے وابستہ نہیں کیا جاتا بلکہ اسے ایک تحریک سے وابستہ کیا جاتا ھے جس نے اس اجارہ داری کو توڑنے کا عزم کیا تھا لیکن اس کے ساتھ ھی ساتھ شیر پاؤ کے قتل نے دو چیزیں ثابت کر دیں کہ اس ملک میں فساد کرنے والی طاقتیں ، اس ملک کو توڑنے والی طاقتیں ، اس ملک میں افراتفری پھیلانے والی طاقتیں

[Sardar Mohammad Aslam]

سر گرم عمل ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اس ملک کے فرزند اپنا خون دے کر اس ملک کی سالمیت کو برقرار رکھیں گے - یہ دونوں چیزیں ایک ہی قتل میں ایک ہی شخص نے اپنی جان کی قربانی دے کر، اپنا خون دے کر ثابت کیں کہ اس ملک میں اس ملک کو توڑنے والے بھی ہیں - لیکن اس ملک کے فرزندان اپنے ملک کی حفاظت بھی کریں گے - میں ان الفاظ کے ساتھ کہ حیات محمد خان شیر پاؤ نے اپنا خون دے کر پاکستان کے نوجوانوں کو اور خصوصی طور پر صوبہ سرحد کے نوجوانوں کو ایک نیا عزم، ایک نیا ولولہ، ایک نیا جذبہ دیا ہے تاکہ اس ملک کی سالمیت کو برقرار رکھنے کے لئے، اس ملک کی سالمیت کے تحفظ کے لئے اپنی جان کی قربانی دیں اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں - شکریہ -

**Mr. Chairman** : Mr. Qamaruzzaman Shah.

**Mr. Qamaruzzaman Shah** : Mr. Chairman, Sir only yesterday the great son of the soil was with us, sitting in the Senate with us fighting against the forces of exploitation, fighting for the common man, the poor man of Pakistan. Sir, he was champion of the war waged against exploitation by Mr. Zulfiqar Ali Bhutto. Sir, his martyrdom will certainly not go waste. His martyrdom has shown that the great men, when it comes to give life for a cause, are prepared to do so. He has died for the solidarity, for the integrity and for the greatness of Pakistan. He was a Pakistani first and anything else afterwards. It has been said that in Frontier, there have been family fueds. I am sure, nobody would be able to say or substantiate that Hayat Mohammad Khan Sherpao's martyrdom was for any other cause, was a result of any other consequence except the integrity and solidarity of Pakistan. Sir, we don't mourn his death but we rededicate ourselves after his martyrdom that his name should live and Pakistan should live.

**Mr. Chairman** : Thank you.

چوہدری محمد اسلم : جناب چیئرمین ! میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں جن کے ذریعے میں اس واقعہ کی شدید سے شدید مذمت کر سکوں - گذشتہ کئی ماہ سے ایک گروہ نے، وطن دشمنوں نے، بیرونی طاقتوں کے ایجنٹوں نے، استحصالی قوتوں کے لیڈروں نے، جمہوریت دشمنوں نے دھماکوں اور مختلف حربوں سے قومی سالمیت کو نقصان پہنچانے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے -

جیسا کہ اس ایوان میں کہا گیا ہے اور آپ سب جانتے ہیں پوری قوم جانتی ہے کہ حیات محمد خان شیر پاؤ کتنا شریف تھا ۔ اس کی کسی سے ذاتی دشمنی نہ تھی ، اس کے خاندان کی کسی سے ذاتی دشمنی نہ تھی ۔ اس نے کبھی کسی کو تنگ نہیں کیا ، کسی سے انتقام نہیں لیا ، کسی کے حق پر زیادتی نہیں کی تو پھر جناب والا ! اس شخص کے ساتھ یہ سلوک کیوں روا رکھا گیا ؟

جواب ظاہر ہے کہ حیات محمد خان شیر پاؤ پاکستان میں ظالمانہ نظام کے خلاف جدوجہد کرتے ہوئے ایک ابھرتا ہوا ستارہ بن کر اٹھا تھا ۔ اس نے قائد عوام کے ساتھ مل کر مساوات محمدی کا پرچم تھاما تھا ۔ اس نے یہ عہد کیا تھا کہ یہاں مظلوم عوام کے حقوق کے لئے وہ لڑے گا اور اپنے مال کی قربانی دے گا ۔ اس نے یہ عزم کیا تھا کہ وہ پاکستان میں جمہوریت بحال کرائے گا اور جمہوری اداروں کو مستحکم کرنے کے لئے خدمت کرے گا ۔

جناب والا ! اس مختصر عرصہ میں ، سیاسی جدوجہد میں جو اسے نصیب ہوئی اس نے اپنے کردار سے اپنے قول و فعل سے یہ ثابت کر دیا کہ وہ قول کا سچا ہے اور اس نے جو بھی ارادہ کیا ہے ، جو بھی منزل متعین کی ہے ، جو بھی راستہ منتخب کیا ہے ، جو بھی وعدہ کیا ہے اور عوام کے لئے اس نے جو بھی خدمت منتخب کی ہے ، اس پر وہ سچا ہے اور اس کے لئے وہ کامیاب ہوگا اور اس کے لئے وہ ہر قربانی دے گا ۔ جناب والا ! دشمنوں کی نظروں نے اس کو اس لئے منتخب نہیں کیا تھا ۔ اس قتل کے لئے ، اس واقعہ کے لئے کہ وہ سرحد کا ایک وزیر تھا یا اس کے پاس اقتدار تھا ، یا اس نے کسی کا قصور کیا تھا ، نہیں اس کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ پاکستان کی سلامتی کے لئے پاکستان میں جمہوریت کی بقا کے لئے اور پاکستانی عوام کو استحصالی قوتوں سے بچانے کے لئے جدوجہد کر رہا تھا ۔

جناب والا ! میں اپنے دوست شیر محمد خان کی بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کو اس لئے بھی اس تشدد کا نشانہ بنایا گیا کہ یہ لوگ سمجھتے تھے کہ وہ ذوالفقار علی بھٹو

[Chaudhry Mohammad Aslam]

کا جانثار ساتھی تھا لیکن یہ ان لوگوں کی بھول ہے - ان کو جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کو شہید کر کے یہ نہیں سمجھ لینا چاہیے کہ وہ بزم خود اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب ہو جائیں گے - ہرگز ہرگز نہیں - حیات محمد خان شیر پاؤ کی شہادت نے ہر محب وطن پاکستانی کی آنکھیں کھول دیں ہیں - جناب حیات محمد خان شیر پاؤ نے ہمیں آنے والے خطرات سے آگاہ کر دیا ہے - اپنا خون دیکر ، اپنی جان دیکر اس نے قوم کو یہ بتا دیا ہے کہ کون ہیں وہ ہاتھ جو اس ملک کی سلامتی کی طرف بڑھ رہے ہیں اور کون ہیں وہ لوگ جو اس ملک کی سلامتی کے خلاف کام کر رہے ہیں - ٹھیک ہے ان کی زبان پر ہم ہمیشہ یہ سنتے رہے ہیں کہ وہ جمہوریت کی بات کرتے ہیں ہر جگہ پر ، میں حیران ہوں کہ وہ اسمبلیوں میں بیٹھ کر جمہوریت کی بات کرتے ہیں - بھائی اگر یہاں جمہوریت نہ ہوتی تو آپ یہاں اسمبلیوں میں کیا لینے آتے ؟ آپ کو یہاں کیسے بیٹھنے دیا جاتا ؟ جمہوریت تھی جمہوریت دی گئی تو آپ اسمبلیوں میں آئے آپ نے باتیں کیں یہ الگ بات ہے کہ آپ نے جو باتیں کیں وہ ملک کی بقا کے ملک کی سلامتی کے اور ملک کے تحفظ کے خلاف تھیں - آپ نے ایسے ایسے طریقے اختیار کیے جن سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ نہ آپ جمہوریت چاہتے ہیں اور نہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ یہ جمہوری ادارے اس ملک میں چلیں اور رہیں -

جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اسمبلیوں کے اندر اور اسمبلیوں کے باہر یہ بڑے بڑے دعوے کیے گئے کہ پاکستان میں چند لوگ جمہوریت چاہتے ہیں - یہ چاہتے ہیں وہ چاہتے ہیں لیکن آج یہ ثابت ہو گیا ہے کہ وہ لوگ جمہوریت کے دشمن ہیں ملک کے دشمن ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ اس ملک میں جمہوری ادارے قائم ہوں - جناب والا ! جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کو اس لئے تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے - جناب والا! میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس قسم کا نشانہ حیات محمد خان شیر پاؤ کو بنا کر یا پیپلز پارٹی کے کسی اور کارکن یا لیڈر کو اس قسم کا نشانہ بنا کر وہ کبھی اپنے مقاصد میں کامیاب

نہیں ہوں گے - پاکستان میں جب تک ایک بچہ بھی موجود ہے وہ ملک کی سلامتی کے لیے ملک کی بقا کے لیے اور ملک میں جمہوریت کے قیام کے لیے لڑے گا اور جان کی بازی لگا دے گا اور ان کے اس قسم کے مزموم فعل میں کامیاب نہیں ہونے دے گا -

جناب والا! میں زیادہ نہیں کہوں گا صرف اتنی گذارش ہے ان لوگوں سے جو اس قسم کے محاذ بنائے بیٹھے ہیں - محاذ کا مطلب کیا ہوتا ہے یہ صاف ظاہر ہے کہ انہوں نے یہ چیزیں اسلیے بنائی تھیں اور ان کے الفاظ سے اب یہ ظاہر ہوتا ہے کہ محاذ سیاست میں محاذ نہیں ہوتا یہ جنگوں میں قتل و غارت کے لیے محاذ ہوتے ہیں - میں ان لوگوں سے عرض کروں گا جو کہ بعض لیڈروں کے دھوکے میں آ کر بعض محاذوں میں شامل ہو چکے ہیں کہ اب بھی وقت ہے کہ موقع کی نزاکت کو پہچانیں اور وطن کے دشمنوں کے ہاتھوں میں نہ کھیلیں - بعض لوگ محض پیپلز پارٹی کی مخالفت میں یا جناب ذوالفقار علی بھٹو کی مخالفت میں وطن دشمنوں کے ہاتھوں میں چلے گئے ہیں - میں ان سے اپیل کروں گا کہ اگر ان کی اب بھی آنکھیں نہ کھلیں تو کب کھلیں گی - اب وقت ہے کہ وہ پہچان جائیں کہ ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت ملک کی سالمیت کے اور جمہوریت کے لیے جنگ لڑ رہی ہے - اور اس کا ایک ایک ساتھی ملک کی بقا کے لیے اور جمہوریت کے لیے جان دے رہا ہے -

جناب! والا حیات محمد خان شیر پاؤ کی موت سے جو ہمیں صدمہ پہنچا ہے وہ کل ان لوگوں کو بھی پہنچ سکتا ہے جن کا یہ فعل ہے انہیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ اس قسم کے فعل کر کے وہ چھپ جائیں گے - ہمیشہ بھیڑیا رات کی تاریکی میں وار کرتا ہے اس کو موقع ملتا ہے لیکن اس کے ظلم کا جو خون ہوتا ہے یعنی جو مظلوم ہوتا ہے اس کے خون کے دھبے اس کے گواہ بن جاتے ہیں اور آخر کار اسکو اپنے جرم کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے - جناب والا! ان لوگوں کو یہ سوچنا چاہیے کہ اس قسم کے حربے اختیار کر کے یا بم بلاسٹ کر کے یا سرکاری عمارتوں کو تباہ کر کے یا پبلک کو ہراساں

[Chaudhry Mohammad Aslam]

کر کے وہ اپنے مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکیں گے - اگر ان کا مقصد نیک ہو اچھا ہو تو انہیں اپنے کردار سے قوم کو یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ ان کا مقصد نیک ہے یا اچھا ہے لیکن یہ طریقہ جو انہوں نے اختیار کیا ہے اور جو انہوں نے راستہ ہمیں دکھایا ہے اس سے قوم کو واضح ہو گیا ہے کہ وہ کس قسم کے عزائم رکھتے ہیں قوم کے خلاف اور پاکستان کے خلاف اور پاکستانی عوام کے خلاف وہ کیا چاہتے ہیں کہ اس ملک میں کیا کھیل کھیلا جائے -

جناب والا ! آخر میں یہ گذارش کرونگا کہ میں تہہ دل سے جو ریزولیوشن قائد عوام نے پیش کیا ہے اس کی تائید کرتا ہوں - اپنی طرف سے اور اپنے بھائیوں کی طرف سے جو اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں - کیونکہ یہ محض اس ہاؤس کا قصہ نہیں ہے - جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کی موت پورے ملک کے لیے صدمہ ہے اور المیہ ہے - مرحوم کے لیے میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انکو جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے -

جناب چیئرمین : خواجہ محمد صفدر -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! مجھے معلوم نہیں کہ جو قرار داد تعزیت اس ایوان کے سامنے پیش ہے اس کے الفاظ کیا ہیں اس کا متن کیا ہے - میں دیر سے آیا ہوں اسلیے میں اپنے آپ کو اس پوزیشن میں بھی نہیں سمجھتا کہ بے پڑھے اس قرار داد کی تائید کروں لیکن جہاں تک جناب حیات محمد خان شیر پاؤ کے قتل کا تعلق ہے میں اسکی شدید ترین الفاظ میں مزمت کرتا ہوں - میرے نزدیک سیاست میں تشدد کا لانا قوم کو بربادی کے گھڑے تک پہنچاتا ہے - قتل خواہ حیات محمد خان شیر پاؤ کا ہو خواہ ڈاکٹر نذیر کا ہو خواہ خواجہ محمد رفیق کا ہو خان عبدالصمد اچکزئی کا ہو خواہ مولوی شمس الدین کا ہو کوئی بھی قتل جس کے پس پردہ سیاسی اغراض و مقاصد ہونگے میرے نذدیک اس ملک کی بقا کے لیے اور اس ملک کی سلامتی کے لیے مہلک ہیں - زہر قاتل ہیں نہ صرف اس فعل کی اس وجہ سے کہ کسی شخص کو عمداً

قتل کرنا مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق اور قرآن کے نص صحیح کے مطابق ایک مسلمان کو قتل کرنا ایک مسلمان کو کافر بنا دیتا ہے - اسکی آخرت جو ہے وہ ہمارے عقیدے کے مطابق برباد ہو جاتی ہے - بلکہ اس دنیا میں بھی قتل کی سزا اسلام کے نزدیک قتل ہے یا اس کے ورثاء اگر قصاص لینا چاہیں تو اسکو معاف کر سکتے ہیں - اس بنا پر بھی جناب چیئرمین اور اس بنا پر بھی کہ اس قسم کے قتل جن کی نوعیت سیاسی ہو اگر یہ سیاسی قتل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ سیاسی اختلافات کی بنا پر کیا گیا ہے - ہمارے ملک کے لیے تو کوئی نیک فال نہیں ہے - ہم نے بار بار اپنے دوستوں کو حکمران طبقہ کو نہایت دکھ بھری آواز کے ساتھ نہایت محبت سے اور نہایت دکھ بھرے الفاظ میں یہ التجا کی کہ یہ راستہ خطرناک بھی ہے اور اس کے نتائج اس سے زیادہ خطرناک ہوں گے -

جناب والا ! آج بھی ہم اپنی نخیف آواز ان کے گوش گزار کرنا چاہتے ہیں کہ اس راستے کو ترک کر دیا جائے صرف یہی نہیں بلکہ اس ملک میں رہنے والے حلف اٹھائیں قسم کھا لیں ، خواہ وہ حکمران جماعت سے یا کسی اور طبقہ سے تعلق رکھتے ہوں یا اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہوں یا کسی بھی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں کہ سیاسی اختلافات کی بنا پر سیاسی قتل جیسی مزموم حرکتوں سے باز رہیں - میں جناب والا ! کوئی سیاسی تقریر نہیں کرنا چاہتا - کچھ لوگ اسے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کر رہے ہیں - میں نے بہت کچھ سنا ہے - لیکن میں ان باتوں کا جواب دینا بھی پسند نہیں کرتا کیونکہ ایسے مواقع مرحوم کو ایصال ثواب پہنچانے ، اس واقعہ کی مذمت کرنے ، اور جو لوگ زندہ ہیں ان کی عبرت کا سامان مہیا کرنے کے لئے ہوتے ہیں - مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا فرمائیں اور تعزیتی قرارداد منظور کر کے ان کے خاندان کے افراد سے اظہار ہمدردی کریں - ایسے مواقع کو اشتعال انگیز تقریروں کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہیے -

جناب والا ! اسلئے میں انتہائی دکھ بھرے دل کے ساتھ اس قتل کی شدید مذمت کرتا ہوں اور حکومت سے التماس کرتا ہوں ، پر زور مطالبہ کرتا ہوں

[Khawaja Mohammad Safdar]

کہ مجرموں کو قرار واقعی سزا دی جائے ، انہیں عبرت ناک سزا دی جائے ۔
میں ان الفاظ کے ساتھ مرحوم کی روح کے لئے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے
جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے ورثا کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔

**Mr. Chairman :** Honourable Members, I fully associate myself with the sentiments expressed from both sides of the House. The death of Late Hayat Mohammad Khan Sherpao is a national loss. Today the entire nation is in mourning. All the Members of this august House join them in this mourning. We are all grievously shocked. The death of Sherpao has caused pain in every heart. There is hardly a person in the country who would not condemn this cowardly act of the assassin. As you are aware the cruel hand of the assassin was chasing Sherpao Khan since sometime. This was not the first time on his life. First of all a few months back a bomb was thrown at his residence. Fortunately, he was not there and no harm was caused to him. After sometime again a bomb was planted under the stage in Charsada where he along with other companions was due to arrive at 10 Oclock but again, fortunately, he was late by an hour and before he went there, the bomb exploded causing injuries to many persons and resulting in the death of one. But this time the assassin's hand had reached him. The death had him in its claws and Hayat Mohammad Khan's life was taken. His death has caused a vacuum in the national life of Pakistan which, I think, is very difficult to fill. As you all knew him, he was a patriot, he was a brave fearless man, he was an untiring selfless leader running from place to place, from village to village, from town to town, from city to city. On every occasion he went to the spot where his presence was needed and he never hesitated to render help to those who needed it. Recently, as you are he had been going round the places in Hazara and Swat where the earthquake had brought about devastation of a large area and thousands of people had been affected. He had been running from place to place and doing his level best to give and to provide relief to the earth quake stricken people.

Honourable Members, one thing to which I will draw your attention and the attention of the Government and everybody in Pakistan, who has the love of Pakistan at his heart, is this that this tendency of having recourse to political murders poses a danger to the very survival and existence of the country. Even a man who possesses a little bit of common sense must realise that nowhere in the world political murders have solved any problem and it shall never solve any problem. To solves such political prob-

[Mr. Chairman]

lems one has to resort to other methods not political murders. Never in the history of any country you will come across a single instance in which political problems, national problems, momentous problems affecting the life and death of a country or a nation are solved by political murders. They, on the other side, rather endanger the existence of the country, and there are many instances in history where such political murders have invited foreign countries to interfere in their internal affairs. This is very bed omen.

Well, as I have already told you, we are all grieved, we are all shocked. We have taken the death of Hayat Mohammad Khan Sherpao to our hearts but his death alone is not the subject-matter of this resolution of condolence. We all today mourn over his death but there is something very important, more important which is just dangling before our eyes, and it is this that if this move, this tendency is allowed to grow, to continue, to extend to other areas, to other people, to other parties, it is immaterial in what manner, in what way, the result would be very disastrous for the whole country, the nation. Therefore, it is obligatory on the Government as well as on the people to leave no stone unturned, to spare no efforts to trace the culprits of the murder of Hayat Mohammad Khan Sherpao and see that they are meted out the extreme penalty of law, effective punishment is awarded to them, punishment awarded to them is deterrent, so that in future nobody should dare to resort to such like acts.

Honourable Members, I once again join you in paying homage to the departed soul. We convey our heartfeltcondolences, and deep sympathies to the bereaved family and pray to Almighty God to shower His choicest blessings on the departed soul and rest him in eternal peace, and give courage and fortitude to the bereaved family to bear this, which is evidently unbearable. With these few words, I would request Nomani Sahib to please offer 'Fateha' for the departed soul.

(*'Fateha' was offered*)

**Mr. Chairman** : Now, formally I just ask the House : If this resolution moved by the Leader of the House, is adopted unanimously ?

(*The resolution was adopted*)

**Mr. Chairman** : Now, we take up the other item on the agenda, adjournment motions.

## POINT OF ORDER RE: DEFERMENT OF NORMAL BUSINESS IN EMERGENT SESSIONS

**Malik Mohammad Akhtar** ; Sir, I am sorry to point out that this is an emergent session called by your honour. Formally, the sitting of the Senate was adjourned till Wednesday morning and you have been pleased to call this session now under rule 20 (b).

**Mr. Chairman** : Yes, you are referring to what?

**Malik Mohammad Akhtar** : Page 27, rule 20 (b).

**Mr. Chairman** : Rule?

**Malik Mohammad Akhtar** : Rule 20 (b), Sir.

**Mr. Chairman** : And page?

**Malik Modammad Akhtar** : 17, Sir.

**Mr. Chairman** : Yes?

**Malik Mohammad Akhtar** : "20. (1) Every sitting of the Senate shall commence at such hour as the Chairman may direct.

(2) Subject to the other provisions of these rules, the Chairman may —

(a) adjourn a sitting of the Senate; and

(b) if he thinks fit, call a sitting of the Senate at a time or date different from that to which it was earlier adjourned".

So, Sir, it has been called for specific purpose at a date different from that to which it was earlier adjourned. We have adopted this very rule in the National Assembly and we have not conducted there any privilege motions and adjournment motions. So, I will make a request that in view of the business before the House, the honourable Members may take of the adjournment motions and privilege motions tomorrow.

Moreover, we have received the notice so late that............

**Mr. Chairman** : No. As far as this rule is concerned it would not obviously apply.

**Malik Mohammad Akhtar** : It is your discretion, Sir.

**Mr. Chairman** : No, no, it would not obviously apply to the point you have raised. There is nothing in the rule to prevent discussion of the adjournment motions. But, I think, it will be appropriate if for the time being these adjournment motions are kept pending and are taken on some other day. The adjournment motions are in the name of Mr. Mohammad Zaman Khan Achakzai.

جناب محمد زمان خان اچکزئی : اگر یہ ایڈجنرنمنٹ موشن آج پیش نہ ہوئی تو کل پھر اسکی کوئی وقعت نہیں رہے گی ، اهمیت نہیں رہے گی ۔

جناب چیئرمین : اگر آج پیش نہ ہوئی تو کوئی وقعت نہیں رہے گی ؟

جناب محمد زمان خان اچکزئی : کل خود بخود ختم ہو جائے گی ۔

جناب چیئرمین : یہ ایڈجنرنمنٹ موشن نمبر ۴۴ دو سینٹروں حاجی محمد زمان خان اچکزئی اور حاجی شبیب شاہ نے پیش کی ہے ۔ آپ میں سے کوئی ایک پڑھ دے ۔

ADJOURNMENT MOTION *Re*: ARREST OF THE LEADER OF OPPOSITION.

جناب محمد زمان خان اچکزئی : جناب چیئرمین ! میں آپکی اجازت سے مندرجہ ذیل تحریک التواء کا نوٹس دیتا ہوں :-

میں تحریک کرتا ہوں کہ سینٹ کا اجلاس ملتوی کر کے مندرجہ ذیل مسئلے پر بحث کی جائے کہ محمد ہاشم غلزئی ، لیڈر آف حزب اختلاف ، کی گرفتاری پر ملک بھر میں اشتعال پھیل گیا ہے ۔ اس ہنگامی اور اہم مسئلے پر سینٹ کا اجلاس ملتوی کر کے بحث کی جائے ۔

**Malik Mohammad Akhtar** : Opposed.

جناب چیئرمین : آپ یہ بتائیے کہ صوبائی حکومت نے ان کو نظر بند کیا ہے یا فیڈرل گورنمنٹ نے ؟

جناب محمد زمان خان اچکزئی : ڈی ۔ پی ۔ آر کے تحت گرفتار ہوئے ہیں تو فیڈرل گورنمنٹ نے ہی کیا ہو گا ۔

جناب چیئر مین : وہ تو دونوں کر سکتے ہیں ۔ آپ یہ پورے وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ حکم ان کی گرفتاری یا نظر بندی کا جو ہے ، وہ فیڈرل گورنمنٹ نے دیا ہے ؟

جناب محمد زمان خان اچکزئی : تو کیا حکومت کی جانب سے . . . .

جناب چیئرمین : آپ مجھے بتائیے حکومت کی جانب سے آپکی امداد نہیں کریں گے ۔ آپ مجھے بتائیے ۔ اگر پراونیشنل حکومت نے کیا ہے تو پھر ایک فیصلہ ہوگا اور اگر فیڈرل گورنمنٹ نے کیا ہے تو اور فیصلہ ہوگا ۔

جناب محمد زمان خان اچکزئی : مجھے تو .......

جناب چیئرمین : انہوں نے تو یہ کہا ہے کہ اسکو adjourn کر دیں تاکہ ہم تیاری کر لیں ، لیکن آپ نے کہا ہے کہ ابھی پیش ہو ۔

جناب محمد زمان خان اچکزئی : تو پھر کل اسکی کوئی اہمیت ، وقعت نہیں رہتی ۔ میں یہ وثوق سے نہیں کہہ سکتا ہوں کہ انہیں صوبائی حکومت نے گرفتار کیا ہے یا آپ ......

جناب چیئرمین : اگر آپ نہیں کہہ سکتے تو میرے پاس کوئی علاج نہیں ہے ۔

جناب محمد زمان خان اچکزئی : ان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ وہ جو پندرہ دن پہلے اور پندرہ دن بعد تک گرفتار نہیں کر سکتے تو اسکی خلاف ورزی ہوئی ہے ۔ ڈی ۔ پی ۔ آر کے تحت ......

جناب چیئرمین : وہ آپ درست فرماتے ہیں لیکن میں اتنا عرض کئے دیتا ہوں کہ اگر صوبائی حکومت کے حکم کے تحت انکی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے تو پھر ہمارا کوئی کام نہیں ہے ۔

جناب محمد زمان خان اچکزئی : جناب وہ ......

جناب چیئرمین : پہلے آپ جواب دیجیئے یا

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں بات ختم کیے دیتا ہوں ۔

**Mr. Chairman** : Let him reply, let him reply.

جناب محمد زمان خان اچکزئی : حکومت کی طرف سے اس کی تردید نہیں ہوئی ہے کہ یہ وفاقی حکومت نے نہیں کیا ۔

جناب چیئرمین : نہیں میں نے یہ پوچھا ہے کہ کیا صوبائی حکومت نے ان کی گرفتاری کے وارنٹ جاری کیے ہیں ان کو detain کیا ہے ؟

جناب محمد زمان خان اچکزئی : میں نے تو آپکی خدمت میں عرض کیا ہے کہ میں وثوق سے نہیں کہہ سکتا ۔

جناب چیئرمین : اس رول کے مطابق ، یہ رول ہے ۱ء - آپ اتنی انگریزی تو ضرور جانتے ہوں گے رول ۱ء ، ایف -

"It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government or to a matter in which the Government has substantial financial interest".

اگر آپ وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں - دیکھیے آپ یہ ذمہ داری کے ساتھ کہیے کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ نے کیا ہے -

جناب محمد زمان خان اچکزئی : میں نے آپ کی خدمت میں پہلے بھی عرض کیا ہے کہ میں وثوق کے ساتھ نہیں کہہ سکتا -

**Mr. Chairman** : Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر : میرا خیال ہے جی کہ ان تمام تحاریک التواء کو کل پر اٹھا رکھا جائے کیونکہ اخبار میں ایسی اطلاع نہیں آئی -

جناب چیئرمین : اب تو میں نے یہ لے لیا ہے - اس کا تو فیصلہ میں نے کرنا ہے -

خواجہ محمد صفدر : یہ کوئی ضروری نہیں ہے جناب والا ! آپ پہلے بھی پڑھنے کی اجازت دے دیا کرتے ہیں جب ممبر صاحب کے پاس یا فیڈرل گورنمنٹ کے پاس کوائف نہیں ہوتے

جناب چیئرمین : وہ خود کہتے ہیں کہ آج اگر اس پر بحث نہ ہوئی تو اس کی اہمیت ختم ہو جائے گی -

خواجہ محمد صفدر : میں ان سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اس بات پر اصرار نہ کریں اور میں آپ سے بھی درخواست کروں گا نہایت ادب سے کہ اس تحریک کو ملتوی فرما دیں کیونکہ اخبار میں کوئی خبر نہیں آئی ہے -

جناب چیئرمین : خواجہ صاحب میں نے تو آپ سے عرض کر دیا ہے کہ میں نے ان کو کہا کہ بہتر یہ ہے کہ یہ بحث کسی دوسرے دن پر کی جائے - انہوں نے کہا کہ اگر آج اس پر بحث نہ ہوئی تو اس کی اہمیت نہیں رہے گی - ارجنسی ختم ہو جائے گی -

خواجہ محمد صفدر : میری رائے میں اس کی اہمیت باقی رہے گی۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس پر اصرار نہ کریں کہ آج ہی اس تحریک کا فیصلہ کیا جائے۔

جناب چیئرمین : اصرار کی بات نہیں ہے وہ کہتے ہیں کہ اس کی اہمیت نہیں رہے گی۔

خواجہ محمد صفدر : میرا خیال ہے جی کہ وہ اپنی رائے تبدیل کر لیں گے۔ کل بھی اس کی اہمیت رہے گی۔ جب تک یہ بینچ خالی ہے تب تک اس کی اہمیت رہے گی۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں وہ تو اپنی رائے تبدیل کر سکتے ہیں لیکن میں نہیں کہہ سکتا۔ اوروں کو میں ملتوی کر سکتا ہوں۔

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! ویسے میں آپ کی خدمت میں با ادب درخواست کروں گا کہ یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ اسے یوں ہی ایوان سے پھینک دیا جائے۔ یہ اس ایوان کے حزب اختلاف کے راہنما کا مسئلہ ہے۔ اس کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے۔ آپ بھی مجھ سے اتفاق فرمائیں گے۔ اس کے پیش نظر، اس کی اہمیت کے پیش نظر میں آپ سے بصد ادب درخواست کروں گا کہ اس کو ملتوی کر دیا جائے تاکہ ہم اس پوزیشن میں ہوں کہ ہمیں یہ معلوم ہو کہ آیا یہ گرفتاری فیڈرل گورنمنٹ کے احکام کی طرف سے ہوئی ہے یا صوبائی حکومت کے حکم سے۔ کیونکہ اب تک حکومت نے تمام خبروں کو بلیک آؤٹ کیا ہوا ہے اور ہمارے پاس ایسے کوئی ذرائع نہیں ہیں، جن سے ہم یہ معلوم کر سکیں کہ یہ کس حکومت کا فعل ہے تو اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ ہمیں یہ موقع دیا جائے۔ میں اپنے بھائی اور ساتھی سے بھی نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ وہ اس میں عجلت نہ کیں اور آپ بھی اس میں عجلت کا اظہار نہ فرمائیں۔

جناب چیئرمین : میں نے عجلت کی ؟ میں نے شروع سے کہا ہے کہ اس کو آج نہ پیش کیا جائے دوسرے دن کیا جائے انہوں نے کہا عجلت ہے۔

میں نے عجلت نہیں کی - انھوں نے کہا عجلت سے کہ اگر آج اس پر بحث نہ ہوئی تو اس کی اہمیت نہیں رہے گی -

خواجہ محمد صفدر : انھوں نے ضرور کہا ہے چونکہ آپ گذشتہ دو سال سے یہ فرماتے رہے ہیں کہ اگر کبھی حکومت کی طرف سے کہا جائے کہ وزیر صاحب تشریف نہیں رکھتے یا کوئی صاحب تیار نہیں ہیں لہذا اس تحریک کو ملتوی کر دیا جائے تو آپ ملتوی فرما دیتے ہیں۔ ہم نے بھی کبھی اعتراض نہیں کیا اور ایک دو چار دس بار ہمارے ساتھ بھی یہی رعایت برتی ہے کہ اگر ہم تیار نہیں ہیں اور پورے ثبوت نہیں پیش کر سکتے اور ہم نے درخواست کی ہے کہ ہمیں مہلت دی جائے تو ہم کو بھی آپ نے اجازت دے دی -

جناب چیئرمین : میں مانتا ہوں ساری باتیں مانتا ہوں میں کروں گا - میں آئندہ بھی ایسا کروں گا - میں اپنی لائن تو تبدیل نہیں کر سکتا - اس لئے کہ وہ لیڈر آف دی اپوزیشن ہیں یہ بات نہیں Latitude جسے کہتے ہیں وہ میں دیتا ہوں - لیکن میں بار بار ان کو کہتا ہوں کہ یہ چھوڑئیے دوسرے دن کے لئے - انھوں نے کہا کہ ابھی لیجئے ورنہ اس کی اہمیت چلی جائے گی تو آپ نے فرمایا ہے کہ میں عجلت کر رہا ہوں - پہلے یہ فیصلہ دے دیں کہ عجلت میں کر رہا ہوں یا وہ کر رہے ہیں - عجلت کا مجرم کون ہے ؟ پہلے یہ بتائیں -

خواجہ محمد صفدر : انھوں نے پہلے کی ہے - پھر میں تو یہی گذارش کر سکتا ہوں نہایت ادب سے -

**Mr. Chairman** : It is moved, it is the property of the House. If the House agrees, I have no objection.

کیوں ملک صاحب ؟

ملک محمد اختر : کر دیجئے -

سردار محمد اسلم : پوائنٹ آف آڈر سر ! یہ mover نے جو آرگومنٹ دیے ہیں ان کو پتہ نہیں ہے کہ یہ پراونس نے کیا ہے یا فیڈرل گورنمنٹ نے

[Sardar Mohammad Aslam]

دوسرا آرگومنٹ انھوں نے یہ دیا ہے کہ پندرہ دن کے اندر اندر گرفتار ہوئے ہیں ۔ یہ تو رول ا ہے ......

جناب چیئرمین : نہیں نہیں وہ تو اور بات ہے اب تو راضی نامہ کی باتیں ہو رہی ہیں ۔ اب ہم میرٹس پر نہیں جائیں گے میں نے ملک صاحب سے بھی پوچھا ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, I have got no information. I request that I may be allowed to get proper information.

**Mr. Chairman** : Do you agree to adjourn it?

**Malik Mohammd Akhtar** : If the House agrees, Sir.

**Mr. Chairman**: Do you agree, Mian Arif Iftikhar? Should we adjourn it?

**Malik Mohammad Akhtar** : The motion may be adjourned.

**Mr. Chairman** : All the adjournment motions, the one which was now moved and the other one which has to follow or all adjournment motions, to next sitting.

INTIMATION *Re*: ARRESTT OF SENATOR MR. ZAHURUL HAQ

**Mr. Chairmam** : Now, intimation of arrest. I will just read out. I have received an intimation with regard to the arrest of Senator Mr. Zahurul Haq. It is a message from the SSP, Peshawar, received through Police Communications Centre, Rawalpindi, today in the morning at 10.30. The message says. "Senator has been arrested under the Defence of Pakistan Rules today, Detailed report in the prescribed proforma will follow".

خواجہ محمد صفدر : یہ message کس جانب سے آیا ہے ؟

**Mr. Chairman** : This message is from the SSP, Peshawar.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Who is arrested? Under whose order, Sir?

That is not known, Sir.

**Mr. Chairman** : Proforma is being sent. They have simply sent a Telecommunication message that he has been arrested under the Defence of Pakistan Rules and the proforma is being filled and sent.

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *Re*: ADOPTION OF THE MEMBERS OF THE NATIONAL ASSEMBLY (EXEMPATION FROM PREVENTIVE DETENTION AND PERSONAL APPEARANCE) (AMENDMENT) BILL, 1975.

**Mr. Chairman** : Now, I will read out the messages. There are three messages. First message is from the Secretary, National Assembly, to the Secretary, Senate Secretariat.

"Sir, in purusance of Rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Members of the National Assembly Exemption from Preventive Detention and Personal Appearance Amendment Bill 1975 on the 10th February, 1975. A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge receipt".

